دائمی جنتری

عرائس کشمیر

حصہ اوّل مع

مناجات، نعت، منقبت و سلام بحضور خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

از

خاموش کاشمیری مقیم قصبہ کیری ضلع بارہمولہ کشمیر

مصنف شجرۃ المراد و حدیقۂ نعت و گلزار نعت حصہ ہفتم

حسب فرمائش

غلام محمد نور محمد تاجران کتب مہاراج گنج بازار سرینگر

شاخ:- مائسمہ بازار امیرا کدل و ریزیڈنسی روڈ امیرا کدل سرینگر

تحفۂ عید الفطر ۱۳۸۴ھ

میں اس کتاب کو بطورِ تحفہ اخی المحترم سیّد نور الدین صاحب بخاری ساکن پانزن اور شفیق المکرم سیّد محمد امین صاحب بخاری ساکن وترہیل اور مجاھد الملت محبّی غلام نبی صاحب نسیم متولی جامع مسجد گلشن آباد وانیگام (بارہمولہ) کو بتقریب عید فطر سنہ ۱۳۸۴ھ خلوص اور محبّت کے ساتھ پیش کرتا ہوں جنہوں نے میرے جذبات کی قدر دانی کرتے ہوئے میری حوصلہ افزائی فرمائی۔ ع

برگِ سبز است تحفۂ درویش

(خاموش کشمیری عفی اللہ عنہ)

اطلاع:۔ یہ کتاب اور مؤلف کی دیگر کتابیں مثلاً حدیقۂ نعت، گلزارِ نعت حصۂ ہفتم اور گلشن نعت کا آٹھواں حصہ اور بیاضِ خاموش وغیرہ ہم سے مل سکتی ہیں:۔

المعلن:۔ غلام محمد نور محمد تاجرانِ کتب زینہ کدل سرینگر

اِنتباہ

اس کتاب کی ترتیب یوں ہے کہ ابتداء میں تقریظ اول[1] از جناب مولوی محمد جلال الدین صاحب صدر مفتی جموں و کشمیر اور تقریظ دوم[2] از جناب مولوی سید قاسم شاہ صاحب بخاری پھر پیش لفظ[3] کشمیری ابیات کے بعد تمہید[4] اس کے بعد پہلے باب[5] میں کشمیری بارہ مہینے کے حساب پر عرائض، دوسرے[6] باب میں ہندی بارہ مہینے کے حساب پر عرائض اور موسمی حالات، تیسرے[7] باب میں قمری یعنی عربی بارہ مہینے کے حساب پر عرائض درج ہیں اور اس کے بعد خاتمہ[8]۔ فقط

قَالَ النَّبِیُّ الْاُمِّی صلعم خَیْرُ الْکَلَامِ مَاقَلَّ وَدَلَّ۔

(ترجمہ) حضور پر نور صلعم کا ارشاد گرامی ہے کہ بہترین کلام وہ ہے کہ جسکے تھوڑے الفاظ میں معنی زیادہ ہوں)

رُباعی مؤلف

خاموش ہوں گویا بھی ہوں
ناموش کل جویا بھی ہوں
یہ کیفیت کچھ اور ہے ما
بیدار ہوں سویا بھی ہوں

تقریظِ اوّل

چکیدۂ قلم جناب مولانا جلال الدین صاحب فتحکدلی صدر مفتی جموں و کشمیر سرینگر

بِسمِہٖ ذِی الجَلَالِ وَالضِیَآءِ

میر سیّد عبدالجبار صاحب بخاری المعروف بنخاموش کاشمیری کی یہ سعی یقیناً عند اللہ سعی مشکور و ماجور ہو گی کہ انہوں نے بزرگانِ دین کے عرائس کی تاریخیں اس کتابچہ میں جمع کردی ہیں سعی مشکور اس لئے کہ میرے نزدیک آیۂ کریمہ وَسَلَامٌ عَلَیْہِ یَوْمَ یَمُوْتُ اور وَالسَّلَامُ عَلَیَّ یَوْمَ اَمُوْتُ سے استنباط کرتے ہوئے اور فقہی قاعدہ تکون الآیۃ المخصوصۃ للعموم کے تحت حضرت یحییٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی مخصوصیت سے عمومیت میں لاتے ہوئے عرائس انبیاء و اولیاء کی بہت بڑی اہمیت ہے یعنی کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے ان ایام کو حرمت و عظمت کی زیادتی سے مخصوص کردیا۔ تاکہ خدا کے وہ بندے جو ان بزرگانِ دین کے ماننے والے ہوں ان ایام میں اپنے آپ کو بری باتوں سے اور منہیاتِ شرعیہ سے روکیں جیسا کہ فیلسوفِ اسلام علامہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ۔

ترکِ القبائح فی تلک الایام امرٌ مطلوبٌ یعنی ان ایام میں برائیاں ترک کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور اوراد و اذکار میں مصروف ہونے کی زبردست تڑپ ظاہر ہوجاتی ہے اور یہ ایام بقولِ حضرتِ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ موسم الخیرات بن جاتے ہیں۔ اِن ایام میں جو عبادت کی جاوے اور خدا کی جو طاقت عمل میں لائی جائے۔ تزکیۂ نفس میں زیادہ مؤثر ہوتی ہے چنانچہ فرمایا گیا ہے کہ۔

اِنَّ وُقُوعَ الطَّاعَاتِ فِی ھٰذِہِ الْاَوْقَاتِ اَکْثَرُ تَاثِیْرًا فِی

طَهَارَۃِ النَّفْسِ وَ وُقُوْعُ الْمَعَاصِیْ فِیْھَا اَقْوٰی تَاثِیْرًا فِیْ خُبْثِ النَّفْسِ

کذا فی تفسیر کبیر جلد الرابع۔ بہر حال ان ایام میں روحانیت اور رحمت کا انتشار بہت زیادہ ہوتا ہے جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے تفصیل کے ساتھ اپنی شاہکار حجۃ اللہ البالغہ میں بیان فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کیطرف سے انتشارِ روحانیت کے لئے اور بندوں کیطرف سے طاعات وعبادات مناجات و مذاکرات، اذکار و اوراد، مولود و درود کے ادا کئے جانے کے لئے یہ اوقات مخصوص کئے گئے ہیں۔

لہٰذا ان بابرکت ایام عرس کا ادراک نہایت ضروری امر ہے۔ یہی تو وجہ ہے کہ صحیح تاریخ متعین کرنا اسلام میں بہت ضروری امر ہو گیا ہے۔ تاکہ عرس کی اصل تاریخ غلط واقع ہو کر برکتیں اور رحمتیں (جو اللہ تعالیٰ کیطرف سے منتشر ہوتی ہیں) ضائع اور فوت نہ ہو جاویں۔

اس نقطۂ نگاہ سے محترم خاموش صاحب نے جو یہ کام بصورت ضبط و تعین تاریخ عرائس بزرگانِ دین کیا ہے۔ نہایت ہی مستحسن ہے۔ اسلام اور مسلمین کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ حضرت رب العزت جل جلالہٗ و عم نوالہٗ ان کی یہ جانفشانی اور کوشش اپنی بارگاہ میں قبول کرے اور اس کے صلہ میں انہیں اجر جزیل عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین۔ المرقوم ہٰذا فی التاریخ التاسع و عشر شہر محرم الحرام سنہ ۱۳۸۴ ہجری مطابق سنہ ۱۹۶۴ء۔ فقط

الراقم

مفتی محمد جلال الدین عفی عنہٗ صدر مفتی جموں و کشمیر

فتح کدل۔ سرینگر

تقریظ دوم

از جناب سیادت مآب مولوی سید محمد قاسم شاہ صاحب بخاری صدر انجمن تبلیغ الاسلام آل جموں و کشمیر و
پرنسپل اورینٹل کالج سری نگر کشمیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

فقیر پُر تقصیر سید محمد قاسم شاہ بخاری نے عرائس کشمیر حصۂ اول کا مجملاً پوری فرحت اور مسرت کے ساتھ بعض مقامات میں ملاحظہ کیا۔ یہ بہترین ایمان افروز تالیف ہمارے ملک کے مشہور آفاق سخن سنج اور ہوشیار، متقی و پرہیزگار جناب محترم سید عبد الجبار صاحب بخاری المتخلص بہ خاموش کاشمیری کا ہے جو کہ جناب حضرت سید حاجی محمد مراد بخاری علیہ الرحمہ کے احفاد سے ہیں۔ مؤلف کا مقصود اس تالیف سے یہ ہے کہ اُن بزرگانِ دین کا نام اور دینی و ملی خدمات کسی طرح فراموش نہ ہو جاویں جنکی مبارک مساعی اور مخلصانہ کوششوں سے کشمیر جیسا دارالکفر دارالاسلام کے ساتھ تبدیل ہوا۔ اور خدا کے بندے من الظلمات الی النور آ گئے۔

ماشاءاللہ! ایسے نائبین و محبان دین کا اس قسم کا اقدام مبارک اور قابل صد تحسین و آفرین ہے۔ شکر اللہ سعیہٗ۔ و وفقہٗ لما یحبّ و یرضیٰ ہم اپنے مستقبل سے ہرگز مایوس نہیں ہیں ؎

شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن معمور ہوگا نغمۂ توحید سے

والسلام مورخہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۸۴ھ ہجری۔

العبد

الضعیف المسکین الی اللہ الغنی الباری سید محمد قاسم شاہ بخاری عفی اللہ عنہ و عافاہ عنا۔ فقط

پیش لفظ کشمیری ابیات میں:-

مُبسمِلاً وَّ محمدَلاً وَّ مُصلِّیاً وَّ مُسلِماً۔

نظم کشمیری

اولیائے کامن پت جان نثاری یَد کورک | دین دینار تو بنی خاموشہ با ایمان مرک
لے تھاوکھ یَدِ وَی رَتن ہنز پےژہ نک اصلک ضرور | نور یزدان تن وچھکھ یَدِ وُ تہ اللہ ہو پرک
پوشہ باغس منز اژک یلہ تازہ تہ سپدی دماغ | لاگ بُلبُل فن دِہ پوشن نارہ بَنِدِہ تارہ ترک
صالحین و متقین ان سے ہمنا ای ہوشمند | اندہ وَند پویند ہمن سیت تھاوانہ مرتن رک

گھاسہ تِلہ سیت پوشہِ گُندہ گُندہ وک شہس نشہ گھاسہ دُت
نکرہ کتھ تارژہ تہ وچھک دربار یَد ژُ دَت سرک
فادخلی ارشاد باری فی عبادی وچھ قرآن
بندہٗ مولیٰ سپن پُور بوز نتہ آغس کھرک!
حق تعالیٰ اچھی بَدن بخشان گناہ از ہمن نیک
دَل ژہ نیکن سیت سَن ات منز سونس محنتہ جرک
رَٹ رتن ہند دامنہ ادہ روز بیخوف و خطر
یو تھنہ سہ شیطان کری گمراہ تہ پَن پانس فرک
وچھک رتن ہند خاکپا خاموشہ ذاتس شکر کر
یژہ تہ یژہ تھاوت ہمن ہند یو تھنہ زاہ دُوریِہ رک

(خاموش کاشمیری مقیم قصبہ کریری
ضلع بارہمولہ کشمیر

تمہید

بمصداق الاولیاء عرائس اللہ لا یری العرائس الا المحارم۔

ترجمہ:۔ حضرات اولیاء رحمہم اللہ خدا کی دلہنیں ہیں اور دلہنوں کو محرم لوگ (عارف باللہ) ہی دیکھ سکتے ہیں مشہور ہے۔ ولی را ولی مے شناسد۔

ریاست کشمیر میں پچانوے فیصدی آبادی مسلمانوں کی ہے۔ جو بزرگان دین اور اولیائے کاملین کے ایام متبرکہ یعنی عرائس کے جو بارہتے ہیں۔ لہٰذا خاکسار سید عبدالجبار خاموش فرزند سید غلام محمد بن سید عزیز اللہ فہو خلف الاکبر سیادت پناہ میر سید خلیل اللہ شاہ صاحب بخاری البخاری الحسینی مقیم قصبہ کریری بارہمولہ کشمیر نے نہایت جانفشانی سے کتب تواریخ (جس کا فی ذخیرہ بفضل خدا حضرت سید حاجی محمد مراد بخاری قدس سرہ کے وقت سے مسلسل مؤلف کے پاس موجود ہے) کی ورق گردانی کر کے مشاہیر بزرگان دین کے عرائس مجمل طور اس کتاب میں قلمبند کر کے عرائس کشمیر حصہ اوّل کے نام سے موسوم کیا ہے

ہر نقش قدم بافسرے میگوید ہر کہنہ خرابہ بادلے میگوید

دنیاست فسانہ۔ پارۂ ما گفتیم واں پارہ کہ ماندہ دیگرے میگوید

غرض و غایت یہ کہ شائقین حضرات ان عرائس کی تقریبوں پر کلمات طیبات اور صلوات زاکیات اور ختمات معظمات کے مبارک محفلوں میں شمولیت کر کے سرور عرفان سے اپنے دلوں کو منوّر اور معطر بنا دیں اور بندۂ خاموش کو دعائے مغفرت میں فراموش نہ کریں

فارسی نظم:- یکہزار و سہ صد و ہشتاد و چار سال ہجری بود ای ذالانبار

چونکہ این نسخہ ز الطاف الٰہ ختم شد از دست این نامہ سیاہ

دارم امید آنکہ روزے نیک کس — دردعائے خیرم آرد یادبس
از محبت گوید اے پروردگار — کمترین خاموش درجنت درآر
از عذاب و ظلمت گورش رہاں — حرمتِ فخر رسلؐ شاہِ شہاں
خیر دارینش عطا کن سربسر — تاج اکرامش بنہ یارب بسر
اینچنین ہمدرد یارب سرخ رو — دار در دنیا و دین باآبرو
مختصر این نقشہا بے شدتے — یادگار از من بماند مدتے
من نوشتم وصرف کردم روزگار — من نمانم این بماند یادگار

نوٹ:- اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ماہِ شعبان ۱۳۷۵ھ میں مجموعہ نعت کے ساتھ ملحق ہوکر بطور ضمیمہ چھپوایا گیا تھا لیکن وہ غلطیوں اور سہل انگاریوں سے بمنزلہ وَھُوَ کَلٌّ عَلٰی مَوْلٰہُ۔ (یعنی وہ مالک اور رشید کیلئے بوجھ اور بارِ گردن ہے)۔ بمدِ فضول رہا۔

اس لئے ہمدردِ قوم، محسنِ وطن خواجہ غلام محمد نور محمد تاجران کتب، مہاراج گنج بازار سرینگر کی فرمائش اور الحاح و اصرار سے یہ نسخہ بہت صحت کے ساتھ دوسرے ایڈیشن کے لئے مرتب کیا گیا اور مجموعہ نعت سے علیحدہ کر لیا۔ خدا کرے کہ اب کی دفعہ ہوشمند کاتب کے ہاتھ سے اس کی کتابت ہو کر یہ کتاب مقبول عامۃ المسلمین ہو۔

پھر بھی بلحاظ بشریت اگر کہیں غلطی ہو یا کسی بزرگ کی تاریخ وصال اسمیں درج نہ ہوئی ہو تو ناظرین سے استدعا ہے کہ غلطی کی اصلاح کیلئے اور بزرگ کی تاریخ وفات درج کرنے کے لئے ایک کارڈ کے ذریعہ خواجہ غلام محمد نور محمد تاجران کتب مہاراج گنج سرینگر کو مطلع کریں تاکہ وہ دوسرے ایڈیشن میں اسکو درج کر سکیں۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ۔

والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ۔

المرقوم ۲۳، فروری سنہ ۱۹۶۴ء

کمترین خاکپائے اولیائے کاملین

خاموش کشمیری مقیم قصبہ کریری ضلع بارہمولہ کشمیر

ولذکر اللہ اعلیٰ بالتقدیم اولیٰ

پہلا باب اُن عرائس کے بیان میں جو کشمیری مہینوں کے حساب میں منوائے جاتے ہیں۔

عرائس درماہ وہیک کشمیری

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
۳ وہیک	ماسن صاحب - باغات پورہ	ہندہ وارہ	۱۳ وہیک	زینہ صاحب - یونس	سوپور
،،	بابم ریشی صاحب	حاجی بل وکانگرپورہ	،،	زین الدین ولی صاحب	عیش مقام
۵ وہیک	بابا نصیب الدین غازی صاحب	نسلاپورہ - بڈگام	،،	بابا عطاء صاحب - پیتوخوارہ	سوپور
،،	سید حسین قمی - شرہ پورہ	پٹن	،،	سید جعفر صاحب - کنگن	پلوامہ
۶ وہیک	بابا صاحب - ہیر	اوتر	،،	دین بابا صاحب - مراج	قاضی گنڈ
۷ ،،	سید معصوم صاحب	سرش بیروہ	،،	سید بہاء الدین صاحب گنج بخش	ارہامہ
،،	سید صالح خان صاحب	زینی گام بالا	۱۴ وہیک	زینہ صاحب - ہتہ مولہ وبھدرہ	ہندہ وارہ
،،	خان صاحب - ہانزہ بگ	بانگل	،،	زینی صاحب - روس	بیروہ
،،	بابا عبداللہ صاحب - ژہوندنہ	لار	،،	لوکی پورہ - کھاگ	کھاگ
۸ وہیک	خواجہ صاحب - بورس	لار	۱۶ وہیک	میاں شاہ صاحب - ریپورہ	لار
۹ ،،	کاک پورہ	کاکہ پورہ	،،	پنگلن، بنو مراج	مراج
،،	بابا بدر الدین صاحب	کنگن	،،	سید جمال الدین صاحب بخاری	کرالہ ڈیٹھ بانگل
۱۰ وہیک	سید مالک صاحب - نادی ہل	بارہمولہ	۱۷ وہیک	لوہر ریشی صاحب - راوت پورہ	بانگل
۱۱ ،،	سید محمد مقیم بصری - شہنی پورہ	بڈگام	،،	میلہ ڈاڈسر	مراج
،،	اوٹیل گام	اوٹیل	،،	میلہ وترہ گام	حمل
،،	کاٹھوار	کاٹھوار	،،	سید محمد صاحب بخاری	ژہل براس
،،	شیخ پورہ سلہ	سلہ	،،	سید رحمان صاحب - اڈہ لچھ	ماگام
۱۲ وہیک	سید وحید صاحب - شہنی پورہ	بڈگام	،،	سید صاحب	نمبل بالا

تاریخ	نام عرس	مقام	تاریخ	نام عرس	مقام
۱۹ ویہک	سید صاحب ۔ ڈورو	کامراج	۲۱ ویہک	رازی ریشی صاحب ۔ پوشکر	کھاگ
۲۱ ،،	سید مبارک صاحب بخاری	نہال پورہ	۲۷ ،،	غیبی شہ صاحب ۔ کرانکہ شون	سوپور
،،	سید یعقوب صاحب ۔ بامراد	بانگل	۲۸ ،،	ملک صاحب ۔ آری گام	بڈگام
	عرایش در ماہ زیٹھ کشمیری				
۳ زیٹھ	سید بہاءالدین صاحب ۔ گنج بخش	پٹھ کوٹ بڈگام	۱۳ زیٹھ	زینہ صاحب ۔ پور	کاؤسہ
۵ ،،	زوگی ریشی صاحب ۔ گلشن آباد	وانیگام	۱۴ ،،	حضرت سید ۔ ریرم	ٹنگمرگ
،،	زوگی ریشی صاحب ۔ زوگو	کھاریاں	،،	سید فیروز صاحب	بادیپورہ ۔ ناگام
۷ ،،	خوجہ بابا صاحب ۔ وندہ ہامہ	لار	،،	سیدہ صاحب	پٹن
،،	بابا حنیف الدین صاحب ۔ یار	لار	۱۷ زیٹھ	عمہ میر صاحب	پوچھلو
،،	سید جمال الدین صاحب ۔ گومبر	بیروہ	۱۹ ،،	شہ یعقوب صاحب بخاری ۔ ڈبپورہ	بڈگام
،،	اعظم صاحب ۔ رڈہ بگ	کانیہ ہامہ	۲۲ ،،	سید محمد صاحب عربی ۔ گوٹلپورہ	بڈگام
۱۲ زیٹھ	سید صاحب	تیل بل	،،	سید محمد صاحب عربی ۔ سنگرامہ	سوپور
،،	نوروز ریشی صاحب	کھاگ	۲۴ زیٹھ	زینہ دار صاحب ۔	حبہ کدل
،،	سید صاحب ۔ ٹھنہ	کنگن	،،	شیخ داؤد صاحب عرف بتہ مالو	بتہ مالنہ سرینگر
۱۳ ،،	زین الدین ولی صاحب	عیش مقام			
	عرایس در ماہ ہار کشمیری				
۳ ہار	سید کمال صاحب	نایدکھئی	۷ ہار	بابا حاجی صاحب	مردن ہولہ
،،	لسہ صاحب ۔ بوٹینگ	سوپور	،،	بابا حاجی صاحب ۔ یک لوگ	بڈگام
۷ ہار	سید اسماعیل صاحب ۔ دلوہ بگ	بانگل	۹ ہار	ریشی بابا صاحب ۔ پارینوہ	بڈگام
،،	سید اسماعیل صاحب ۔ زینی گام پائین	بیروہ	۱۱ ،،	سید حسین منطقی صاحب	ادنتی پورہ
،،	بابا حاجی صاحب ۔ کنڈورہ	بیروہ	۱۱ ،،	سید صاحب ۔	کوپہ وارہ

تاریخ	نام عرس	مقام	تاریخ	نام عرس	مقام
۱۲ ہار	عرس سادات	تیل بل	۱۴ ہار	سید صاحب - برا س	بیروہ
۱۳ ,,	سید قاسم صاحب - برا س	بڈگام	,,	سید صاحب۔	ناگام
,, سنہ ۱۰۴۷ھ	بابا نصیب الدین صاحب غازی	بیجبارہ	,,	سید باقر صاحب	ہارون
۱۳ ہار	بابا نصیب الدین صاحب غازی	ہرن دارہ پورہ	۱۵ ہار	سید صاحب	مرہند درباغ
,,	میر ابو الفتاح صاحب۔	گوڈہ ستھو	,,	سید علی اکبر صاحب	مائیسمہ سرینگر
,,	بابا عثمان صاحب	تجر	,,	سید جمال الدین صاحب	زیٹری پورہ
۱۴ ہار	عرس زیٹری پورہ	ماگام	۱۶ ہار	سید محمد صاحب بخاری	کھوی اوسن
,,	عرس دہن گام	بیروہ	۱۷ ,,	سہہ ریشی بابا صاحب	دارا
,,	عرس شہلور	اوتر	,,	رکن الدین صاحب - رنگہ مولہ	مچھوپن
,,	زینی شاہ صاحب	درگہ مولہ	,,	سنگی ریشی و منگی ریشی صاحب	کھوسہ پورہ
,,	کریم پیر صاحب	دہرمنہ	۲۱ ہار	نورہ ریشی صاحب - بابا ولی پورہ	بیروہ
,,	بابا نصیب الدین صاحب	گوشہ بگ	۲۵ ہار	قدہ بابا صاحب	شالیمار
,,	بابا نصیب الدین صاحب	درنگ بیروہ	,,	سید حیدر صاحب بخاری	آردہ بیروہ
,,	بابا نصیب الدین صاحب	چیوڈارہ			

عرائس در ماہ شراون کشمیری

تاریخ	نام عرس	مقام	تاریخ	نام عرس	مقام
۷ شراون	سید محمد شطاری صاحب	باموسہ بانگل	۷ شراون	بابا ردسی صاحب	لکھ دسیل پورہ
۱۴ ,,	سید علی خان صاحب	چیوڈارہ	,,	سید رکن الدین بغدادی	رنگہ مولہ چھرٹ
,,	سید علی خان صاحب	بنڈہ گام	,,	ملک زین الدین صاحب - روپو	نمۃ ہال
۱۳ تا ۱۹ ,,	بابا نصیب الدین صاحب - اچھ دل	مراج	۱۸ ,,	میلہ ہتہ مولہ	کامراج
۱۵ شراون	عرس ناجن	بیروہ	,,	شہدا صاحب - پوہر سیدہ لو	بڈگام
۱۷ ,,	سید فتح اللہ صاحب	بمئی سیو پور	۱۹ شراون	میلہ گلہ گام	کامراج

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
۲۰ شراون	شمس فقیر صاحب۔ کرشپورہ	بڈگام	۲۱ شراون	خان مالو صاحب	بڈگام
,,	سید صالح صاحب	بیجباڑہ۔ بیروہ	۲۲ ,,	سیّد عرب صاحب۔	گوزہ ہامہ سنبل
	عرائس در ماہِ بادرپیتھ کشمیری				
۱۰ بادرپیتھ	سید محمد مقصود صاحب	کرو ہامہ	۱۷ بادرپیت	عرس رازہ بل شیر	کانیہ ہامہ
,,	سید محمد بخاری صاحب۔ کرالپورہ	بانگل	۲۱ ,,	شاہ کرمان صاحب	بٹہ دین
۱۱ ,,	سید محمد قریشی صاحب	نمتہ ہال	,,	سید حبیب اللہ صاحب بخاری	ڈائیلو۔ کرالپورہ
۱۲ ,,	سید ہاشم صاحب۔ ینگرو	لار	,,	غفور صاحب۔ بوسربگ۔ تکیہ	کھل مولہ
۱۳ ,,	سید انور صاحب۔ بھدہ مون	شہ آباد	۲۶ ,,	سید جعفر صاحب و سید مراد صاحب	تارہ گام شہ آباد
۱۴ ,,	سید بلمراد صاحب۔ بامراد	بانگل	۲۷ ,,	سید صاحب۔ ڈب	بٹہ پورہ
سنہ ۱۳۵۷ھ ,,	خواجہ مامہ صاحب متو مجذوب کیرو ی	سالدسہ کردھن	۲۸ ,,	سید صاحب۔	سویہ بگ
۱۴ بادرپیت	خواجہ سید ہلال صاحب	ہانبل			
	عرائس در ماہ آشد کشمیری				
۶ آشد	سید صاحب۔ ززون	لار	۱۳ آشد	بابا کیبلاکس صاحب۔ رانگر	بیروہ
,,	سید قاسم صاحب۔ ردمو	پلوامہ	۱۴ ,,	شاہ اشرف صاحب۔ گاڈرہ	آنچارسر
سنہ ۹۹۷ھ ۷	میر بابا حیدر صاحب	تیلہ مولہ	,,	ریشی صاحب۔	ماگرے پورہ
۸ آشد	مستان شاہ صاحب	کھری باغ	,,	سید بہاء الدین صاحب۔ ڈاڈہ	اومپور
۹ ,,	بابا لطیف الدین غازی ویہتھور	اڈہ کدل	,,	سید لطیف الدین۔ آریپورہ	بیروہ
۱۰ ,,	سید صاحب۔ کرو ہامہ	لار	,,	سید محمد عالی صاحب	پکھرپورہ
۱۱ آشد	عرس بابا گنڈ	زوہامہ	,,	سید مقصود غازی۔ ژیوہ	تکیہ صفاپور
۱۲ ,,	سید ہاشم و سید عثمان صاحب۔	ینگرو۔ لار	۱۵ آشد	سید کمال، سید جمال و سید جعفر، شترگام	شہ آباد
,,	عرس سید صاحب۔ جوالاپورہ	بڈگام	۱۶ ,,	سید قمر الدین صاحب۔ سالورہ	گاندربل

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
۱۷ آشد	سید محمد مکی - بجرو	ناگام	۲۲ آشد	سید اکمل الدین بخاری - بولہ گام	سوپور
۲۱ ، ،	سید احمد قریشی - لتراگلہ	شاڈر	۲۷ ، ،	میاں شاہ صاحب	وہتھور
، ،	سید یعقوب صاحب - ہاورہ	بڈگام	٭	٭ ٭ ٭	٭

عرائس در ماہ کارتک کشمیری

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
سنہ ۹۲ھ ۱۱ کارتک	سید حسین سمنانی صاحب	کولہ گام	۱۴ کارتک	گنگی بابا صاحب - پالپورہ	گومبر
، ،	سید حسین سمنانی در موضعات گامپورہ لٹنہ دنارہ در وملہ پورہ	مازہ ہامہ	۱۷ ، ،	سید قاسم، سید عاصم - چوریٹ	دیوہ سر
۱۲ ، ،	شاہ فتح اللہ قادری صاحب	ابورہ، بانگل	۲۵ ، ،	مالہ بابا صاحب - ہرلو	بڈگام
۱۳ ، ،	سید فیروز صاحب - مکہامہ	پاپٹن	۲۷ ، ،	ملک شرف الدین سنجر - واگرہ	بڈگام
، ،	ملک سیف الدین صاحب	ڈولی پورہ	۲۸ ، ،	سید احمد بخاری - وترہ گام کریری	بارہمولہ

عرائس در ماہِ منجہور کشمیری

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
۷ منجہور	بابا تازی گنائی صاحب	تارہ زوسوپور	۷ منجہور	سید حسن بخاری - چانہقن	ژکہ پورہ
، ،	سید قاسم صاحب بخاری - تیلی گام	بانگل	۲۱ ، ،	بابا رجب ریشی صاحب	ہارہ وانین
سنہ ۹۹۴ھ ۹ ، ،	بابا شیخ بایزید صاحب	شومہ ناگ اوتر	، ،	پیر مقبول صاحب -	شیخ پورہ
۱۱ منجہور	مولہ ناروہ ناجن	ناجن	، ،	عالی بابا صاحب -	ہارہ وانین
، ،	خوجہ صاحب منگلور	بانگل	٭	٭ ٭ ٭	٭

عرائس در ماہِ پوہ کشمیری

تاریخ	نامِ عرس	مقام	تاریخ	نامِ عرس	مقام
۵ پوہ	کاکہ بادشاہ صاحب - اندرہ گام	پٹن	۷ پوہ	سید جعفر صاحب - نارہ پورہ	چوکہ
، ،	بابا ضیاء الدین صاحب	چندرہامہ	، ،	سید محمد رومی - چھانپورہ	کونزر
، ،	بابا ضیاء الدین - لاچھ قلم	چکلہ	، ،	سید محمد رومی - مولہ گام	بانگل
، ،	دلہ بابا صاحب - اکہال	کنگن	، ،	سید محمد رومی - لالپورہ	بانگل
۷ پوہ	سید جعفر صاحب - ژکہ ھقن	چھانپورہ	، ،	روپی ریشی صاحب - تومبرہامہ	بانگل

تاریخ	نامِ عرس	مقام
۷ پوہ	خواجہ حسن صاحب	بھدرہ کوٹ
"	خواجہ حسن صاحب - دورو	ٹنگمرگ
"	عرس کھاری پورہ	بانگل
"	بابا نازی ریشی صاحب	کھی پورہ
"	غیبی شاہ صاحب رسو	کانیہ ہامہ
"	خوجہ صاحب - اوسن	بانگل
"	تیکۂ فاروق صاحب	"
"	عرس ہانجن	بڈگام
"	سید داؤد صاحب - ہریگام	دیوہ سر
۸ پوہ	شاہ نعمت اللہ صاحب قادری	گوشہ بگ
"	رحیم صاحب قلندر - نادہ	دیوہ سر
۹ پوہ	سونتی ریشی صاحب	پانزہ چھک
۱۰ "	سید رحمان صاحب - پورہ وارہ	پانزن
۱۱ پوہ	لدر ریشی صاحب - اکہ ہال	کنگن
"	سونت ریشی صاحب - چوگام	دیوہ سر
"	شاہ مدار صاحب - ہینگ	بانگل
۱۱ پوہ سنہ ۹۶۳ھ	سید قاسم صاحب بخاری - برگومرین	سیچھ
"	سید کمال صاحب	منگن وچی
۱۳ پوہ	بابا حیدر صاحب - پونزوہ	بیروہ
"	سید موسیٰ صاحب - اوڈینکہ	بانگل
"	بابا حیدر صاحب	پانزن

تاریخ	نامِ عرس	مقام
۱۴ پوہ	عرس بمقام ترالی	پوشکر
"	شیخ پر صاحب - سلہ کوٹ	لولاب
"	شیخ احمد صاحب چاگل	"
"	گنگی بابا ریشی صاحب	چھاندلہ
"	سید صاحب - رازہ دین	بڈگام
۱۵ پوہ	سید غیبی شاہ صاحب	دہرتھور
"	بابا بام الدین صاحب	بومزو
۱۶ پوہ	شاہ فتح اللہ صاحب	اُبورہ
۱۷ پوہ	سید اسماعیل صاحب	رتن پورہ
"	سید صاحب - حشرو	پانزن
۲۱ پوہ	جی بابہ صاحب - کولہ بگ	بڈگام
۲۴ "	مرگش صاحب - گنڈی پورہ	بیروہ
۲۶ پوہ	شیخ العالم علمدار کشمیر	چرار شریف
"	علمدار کشمیر در مواضعات ہنز شی پورہ رادیار - سوتہ ہارن - شونگلی پورہ	دریہ گام
"	سید صاحب - بومٹنگ	سوپور
۲۹ پوہ	قدہ ریشی صاحب - پنجرد	بانگل

عرائس در ماہ ماگ کشمیری

تاریخ	نامِ عرس	مقام
۳ ماگ	لوہر ریشی شاہ صاحب - زالورہ	کامراج
"	سید کمال صاحب رملہ پورہ	یونگرو
۷ ماگ	سید یعقوب صاحب - نونر	بڈگام
"	سید صالح سمنانی - سوپٹ ٹھنگپورہ	دیوہ سر

تاریخ	نام عرس	مقام
۱۴ ماگ	شیخ فیروز الدین مستان صاحب	شوچ پالپورہ
،	سید حسن قمی صاحب - مولہ گام	بانگل
۱۶ ماگ	سید صاحب بخر - چوپن آڑی گام	دیلوہ سر

عرایس در ماہِ پھاگن کشمیری

تاریخ	نام عرس	مقام
۳ پھگن	سید انور صاحب - ہریگام	دیلوہ سر
،	میاں شاہ صاحب - درشیورہ	ہندہ دارہ
۵ پھاگن	سید قاسم صاحب	کھرو
۶ پھگن	سنگی رشی صاحب	کھومبریال
۷ ،	بابا لطیف الدین صاحب	پوشکر کھاگ
۱۱ ،	بابا لطیف گنائی - زندہ پال	پوشکر
۱۲ ،	سید محمد صامر صاحب	جبر درنگ
۱۴ پھگن	سید صاحب - ہرن	گاندربل
۲۳ ،	اللہ داد رشی صاحب	بیجباڑہ
،	اللہ داد رشی صاحب	سرہمہ

عرایس در ماہِ ژٹھر کشمیری

تاریخ	نام عرس	مقام
۷ ژٹھر	بابا عید الدین قادری صاحب	ناگہ بل
،	سید رحمان صاحب - چینی مولہ	شاہ آباد
۹ ژٹھر	سید مراد صاحب - ادجر	شاہ آباد
،	سید نور شاہ صاحب بغدادی عرف ڈینگو کنڈ دوڈون، بڈگام	بڈگام
،	میلہ کنگن	کنگن
،	سید شمس الدین صاحب - دلوچہ	شہ آباد
۹ ژٹھر	بابا باز الدین صاحب	وترہ ہیل
۱۲ ژٹھر	بابا حبیب اللہ صاحب - یار ہول	بابا پورہ دیلوہ سر
،	درویش درخشاں صاحب	گنڈدال قچہ
۲۴ ،	حاجی بہرام صاحب - وہی پورہ	سوپور
۲۵ ژٹھر	فتح خان صاحب -	ترہگام
۲۹ ،	ریشہ پیر صاحب -	غوطہ پورہ
سنہ ۱۰۳۳ھ	شاہ قاسم صاحب حقانی	بستان فتحکدل

دوسرا باب ہندی مہینوں کے حساب سے چند عرایس اور موسمی تغیرات کشمیر میں

تاریخ	نام عرس	مقام
یکم بیساکھ	میلہ بیساکھی	شالیمار و نشاط
۸ بیساکھ	سید جمال الدین صاحب بخاری	سوپور
۲۶ ،	قلندر صاحب - دالری	ہندہ دارہ
۱۰ جیٹھ	میلہ رانہ بل سیر جاگیر	سوپور
۱۲ ،	سید مومن صاحب - ہیہ ون	بارہمولہ
۲۶ ،	میاں نظام الدین صاحب - کنیاں والہ	دانگت لار
۷ ہاڑ	شاہ اسرار صاحب -	کشتواڑ
،	لال بابا صاحب -	ذکورہ
۹ ہاڑ	شروع تابستان عرف آدر	-
۱۲ ہاڑ	خواجہ محمود صاحب - کالنسپورہ	بارہمولہ
۲۱ ہاڑ	دہرات یعنی شروع موسم برسات	-
۳ بھادون	بابا داؤد خاکی صاحب - گنڈار پورہ	بانگل

تاریخ	نام عرس	مقام
۱۹ سوج ۱؍۱	ہرُد یعنی شروع موسم خزاں	ء
۱۲ کتک	بابا ریشی صاحب۔ ربنوہ	گلمرگ
۸ پوہ	شروع موسم سرما یعنی چلہ کلان در کشمیر	ء
۱۸ پوہ	شروع برفباری در وادی کشمیر	ء
۱۹ ماگھ	ابتدائے چلہ خورد بے درد	
۷ پھگن	وصال باباجی صاحب، وانگت	لار
۹ ؍؍	ابتدائے چلہ بچہ	ء
۱۹ پھگن	خاتمہ چلہ ہائے ثلاثہ	ء
۱۲ ؍؍	وفات پیر فتح شاہ صاحب،	دودہ وان، اوتر
یکم چیت	ابتدائے موسم سونت	ء
۷ ؍؍	وفات صدیق میر صاحب	ماگام ہندوارہ
۹ چیت	نوروز عالم افروز	ء
؍؍	شیعہ بھائیوں کے دل کھولکر خوشی منانے کا دن۔	

تیسرا باب اُن عرائس کے بیان میں جو قمری مہینوں میں مقرر ہیں۔

	ماہ محرم الحرام	
یکم محرم	حضرت معروف کرخی	ء
سنہ ۶۳۲ھ	شیخ شہاب الدین سہروردی	ء
سنہ ۱۲۲۰ھ	میر سید مقصود صاحب بخاری کریری	ء
۲ محرم سنہ ۶۱ھ	داخلۂ اہل بیت در کربلائے معلیٰ	ء
۴ محرم سنہ ۱۱۱۷ھ	وفات بابا عبداللہ صاحب	گنزیال

تاریخ	نام عرس	مقام
۴ محرم سنہ ۱۰۱۵ھ	میر محمد خلیفہ کشمیری	ء
؍؍ سنہ ۱۰۲۶ھ	میر حمزہ البخاری صاحب	کریری
۵ محرم	بابا بدرالدین صاحب	کنگن
۷ محرم سنہ ۶۱ھ	کوفیوں نے اہل بیت پر پانی بند کیا۔	
۷ محرم	شاہ عباس صاحب	دوچھو
۸ محرم سنہ ۶۱ھ	سید الشہداء حضرت امام حسینؑ پر محاصرہ ہوا	
۹ محرم	بابا قادر مستان صاحب	ترگہ پورہ
؍؍	ہمراہیان شاہ کربلا ایک ایک کرکے شہید ہوگئے	
۱۰ محرم سنہ ۶۱ھ	شہادت حضرت سید الشہداء امام حسینؑ در کربلا	
۱۰ محرم	حضرت امام حسین رضؓ	نزورہ سرینگر
؍؍	حضرت امام حسین رضؓ۔ ٹولی بل	سوپور
؍؍	یوم عاشورا	ء
؍؍	میلہ گنڈ ڈال	واچھ
۱۱ محرم	سید بہاء الدین صاحب بخاری۔ دیذر	بارہمولہ
۱۵ محرم سنہ ۸۹۵ھ	محمد شریف لبری صاحب۔ پالہ پورہ	سیچھ
؍؍	رسول صاحب کابلی۔ حول	سرینگر
۱۷ محرم سنہ ۹۴ھ	حضرت امام زین العابدین رضؓ	ء
۱۷ محرم	سید صاحب بھورو	زرگرپورہ
؍؍ سنہ ۹۹۷ھ	روپی ریشی صاحب	جبہ کدل
۲۰ محرم	بی بی بارعہ اہلیہ حضرت میر محمد ہمدانی	کرالپورہ سرینگر
۲۱ محرم سنہ ۱۰۹۴ھ	خواجہ محمد شریف صاحب	صفاپورہ

تاریخ	نام عرس	مقام
سنہ ۲۲۰ھ ۲۲ محرم	شہادت امام محمد تقی رضؓ	ش
"	شیخ محمد پارسا - پاپہ چھن	کہیہامہ
۲۴ محرم	شہادت امام حسن عسکری رضؓ	ش
"	وفات حضرت مامہ حوا رضؓ	جدہ شریف
"	سید موسیٰ صاحب - اوڑتیکہ	بانگل
"	سید موسیٰ صاحب - شاجہ مرگ	گلمرگ
"	سید موسیٰ صاحب یوانی - شیلی پورہ	مانچھامہ
۲۷ محرم	سید شہاب الدین بخاری -	اچھبل سیوپور
"	عظیم شاہ صاحب - ڈورو	شہ آباد
۲۹ محرم	شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی	ش
	صفر المظفر	
۳ صفر	بابا داؤد خاکی آسودہ برکوہ ماران	سرینگر
"	بابا داؤد خاکی - ہردونی بالا	گلمرگ روڈ
سنہ ۱۳۵۲ھ "	علامہ مولوی انور شاہ صاحب لولابی محدث کشمیری	
۵ صفر	میر میرک صاحب اندرابی	ملارٹہ سرینگر
"	خواجہ مسعود صاحب	پانپور
"	سید کرم اللہ صاحب	ہریگام
۷ صفر	سید جمال الدین صاحب بخاری	پلہالن
سنہ ۲۰۸ ۹ صفر	شہادت حضرت امام علی موسیٰ رضا در مشہد	
۱۰ صفر	سید ظہیر الدین صاحب	پلوامہ
۱۱ صفر	سید قمر الدین صاحب - سالورہ	لار

تاریخ	نام عرس	مقام
۱۱ صفر	خواجہ یعقوب صاحب اردلی - سانگرپورہ	سرینگر
۱۳ صفر	میر عبدالعزیز صاحب	ٹنکی پورہ "
۱۴ صفر	میر صاحب - ارچندہامہ	بانگل
"	سید صالح صاحب - راوتپورہ	سیل
سنہ ۱۱۹۹ھ ۱۴ صفر	سید محمد ملوک خان صاحب	سرائے بل
۱۵ صفر	بابا یوسف صاحب	ڈانگیوچہ
"	والی صاحب خانقاہ فیض پناہ	سرینگر
"	سید صالح صاحب	نارہ بل
۱۷ صفر	شیخ نجم الدین احمد کبریٰ	ش
سنہ ۱۰۴ھ ۱۸ صفر	امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ	ش
۲۰ صفر	چہلم حضرات شہداء کربلا علیہم السلام	ش
سنہ ۱۰۲۷ھ ۲۱ صفر	شوقہ بابا صاحب	پانپور
سنہ ۹۸۴ ۲۴ صفر	محبوب العالم حضرت شیخ حمزہ کشمیریؒ	سرینگر
"	مخدوم صاحب در مواضعات تجر، اہم شریف و بنیر و شہ آباد	
۲۵ صفر	بابا غفور صاحب -	پیراں مقام
"	[illegible] صاحب -	بمہ بن
۲۶ صفر	بابا غفور صاحب - پیر بن -	بارہمولہ
۲۷ صفر	خواجہ حسن صاحب قادری شیخ ...	زینہ گیر
۲۹ صفر	حسن بابا صاحب - کرانکہ شون	سوپور
"	کاکہ شاہ صاحب - جمالٹہ	سرینگر
"	مجدد الف ثانی	ش

تاریخ	نامِ عرس	مقام
سنہ ۲۹ھ ۲۹ صفر	شہادت امام حسن مجتبیٰ رضہ	〃
۲۹ صفر	میلۂ بزدرہ	سرینگر
	ماہِ ربیع الاوّل	
۳ ربیع الاول سنہ ۷۹۱ھ	حضرت خواجہ نقشبند مشکل کشاء رضہ	خواجہ بازار سرینگر
۵- 〃	وفات حضرت سکینہ صبیہ حضرت امام حسین علیہما السلام	
۶- 〃	وصال حضرت امام مالک رحہ	〃
سنہ ۱۰۲۱ 〃	خواجہ میر علی صاحب	اسلام آباد
۷ ربیع الاول	سید خلیل صاحب - ٹارہ ہامہ	بانگل
〃	سید خوارزمی صاحب - ہردوشیوہ	بانگل
〃	سید صاحب نخورو	لار
〃	سید حبیب و سید موسیٰ - شورہ	بڈگام
۸- 〃	سرافراز خان صاحب کابلی	راجوری کدل
۹- 〃	سید صاحب - ہردو پنز[illegible]	کنگن
۱۰- 〃	سید جعفر صاحب - تارہ پورہ	بانگل
〃	دریا دین صاحب	پھاک
۱۱- 〃	حضرات حسنین رضہ - زچلڈارہ	راجوار
۱۲- 〃	ش عنایت اللہ صاحب - یچھمن کوٹ	شاہ آباد
سنہ ۱۱۷۰ھ 〃	حاجی عبد السلام صاحب قلندر	عالیکدل
۱۲- 〃	امام احمد رحمۃ اللہ علیہ	〃
۱۲- 〃	عرس گوجرہ جولا پورہ	بڈگام
۱۲- 〃	عید میلاد النبی العربی و العجم صلعم	مکہ معظمہ

تاریخ	نامِ عرس	مقام
سنہ ۱۰ھ ۱۲ ربیع الاول	وفات شریف رسولِ مقبول صلعم	مدینۂ منورہ
۱۲- 〃	میلہ حضرتبل، کلاشپورہ، صورہ، کہامہ، زچلڈارہ، کھڈم سرہامہ، پنجورہ، شوپیان وغیرہ در کشمیر	
۱۲- 〃	سید صاحب - پتی پورہ	پلوامہ
۱۳- 〃	سید داؤد صاحب - گوڈہ سٹھو	بڈگام
سنہ ۱۳۴۶ھ 〃	مولوی محی الدین النصاری صاحب - نہالپورہ	پٹن
۱۴- 〃	سید برخوردار صاحب - دانامزار	سرینگر
〃	سید یعقوب صاحب - کھور	پٹن
〃	سید یعقوب صاحب	کانیہامہ بالا
۱۵- 〃	سید میر جمال الدین صاحب	برزلہ - لار
۱۶- 〃	سید صدر الدین صاحب سیستانی	زینہ کدل
〃	سید محمد بصری کرالہ [illegible]	بڈگام
〃	سید محمد بصری - ماموسہ	بانگل
۱۷- 〃 سنہ ۸۵۴	حضرت میر محمد ہمدانی رحہ	ختلان
〃	〃 میر محمد ہمدانی رحہ	ترال و نگم
۱۸ ربیع الاول	میلۂ ڈاڈسر	ڈاڈسر
۲۲- سنہ ۹۵۷	سید صدر الدین خراسانی	زینہ کدل
۲۳- 〃 سنہ ۱۳۵۷	علامہ مولوی سید عنایت اللہ شاہ صاحب کریری - استاد مؤلف نسخۂ ہذا	کریری
۲۴- 〃 سنہ ۱۲۸۴	شیخ محمد یسوی - سانہ گرپورہ	سرینگر
۲۴- 〃	سید جانباز رفاعی رحہ	بارہمولہ

تاریخ	نام عرس	مقام
۲۷ ربیع الاول	سید نعمت اللہ صاحب قادری	صفاکدل
۲۸ رر رر	سید حسن صاحب بخاری	بارہمولہ
	ربیع الثانی	
۳ ربیع الثانی	حضرت ام المومنین ام سلمہ رض	؞
رر	سید حاتم صاحب	لعل گنڈ
۵ ربیع الثانی	سید چنگال صاحب۔ کھور	پٹن
رر	سید جمال الدین صاحب بخاری۔	فتحگڈھ بارہمولہ
رر	خواجہ مہد لعلی خطائی۔ عشہ پیر صاحب	سوپور
۱۰ رر	حضرت آمنہ والدہ حضور پُرنور ص	؞
رر سنہ ۲۲۱ھ	حضرت امام احمد حنبل رح	بغداد
۱۱ رر	شیخ عبدالوہاب نوری رح	زینہ کدل
رر سنہ ۵۶۱ھ	حضرت غوث الاعظم پیر عالم رض	بغداد
رر	میلہ (خانیار، پلہالن، اہم شریف بارہمولہ، پنجورہ شوپیان)	؞
۱۲ رر	شیخ کمال صاحب کابلی	ہول
رر	سید محمد امین منطقی بخاری	چھتہ بل
۱۵ رر سنہ ۹۶۲ھ	سید قاسم صاحب	لوزبگ
۱۷ رر	سید شمس الدین بخاری میر صاحب	بارہمولہ
۲۷ رر سنہ ۹۲۰ھ	سید رکن الدین نقشبندی۔ لرٹرونڈر	بڈگام
۲۹ رر	مولوی عبدالرحمان صاحب جامی رحمہ	؞
	جمید الاوّل	
سوم جمید الاول سنہ ۱۲۹۳	وفات علامہ مولوی میر ثناءاللہ صاحب	کدیری

تاریخ	نام عرس	مقام
۲ جمید الاول سنہ ۸۲۰ھ	سید تاج الدین بخاری۔ اسکندرپورہ	بیروہ
۱۰ رر سنہ ۱۲۹۶	شیخ احمد صاحب	ترال
۱۲ رر سنہ ۱۳۰۰	خواجہ رحیم صاحب	سیدہ واری
۱۹ رر	شاہ محمد فاضل صاحب خانیاری	خانیار
۲۱ رر	شاہ فتاح صاحب۔ ادترپورہ	بیروہ
۲۶ رر	حضرت ابراہیم ادہم رح	؞
	جمید الثانی	
یکم جمید الثانی سنہ ۵۵ھ	حضرت امام یافعی صاحب رح	؞
۳ رر سنہ ۱۲۸۸	شیخ احمد فرید گوجواری	گوجوارہ
۵ رر	سید نور محمد صاحب۔ لعلپور	لولاب
رر	حضرت مولانا رومی رح	؞
۱۱ رر سنہ ۱۰۰۷	سید میاں بہادر۔ ہرون	کامراج
۱۴ رر	سید کبیر صاحب	بٹہ وارہ
۱۲ رر	شیخ ضیاء الدین سہروردی	؞
۱۴ رر سنہ ۵۰۵	امام محمد غزالی رح	بغداد
۲۲ رر	امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رض	؞
رر	میلہ حضرت بل صورہ پنجورہ شوپیان	؞
۲۹ رر	شیخ عبداللہ شطاری	؞
رر	نیک ریشی صاحب۔ لعلپور	بانگل
	رجب المرجب	
۲ رجب سنہ ۱۰۸۰	خواجہ حبیب اللہ صاحب عطار رح	گرگڑی محلہ زینہ کدل

تاریخ	نام عرس	مقام
۳ رجب	حضرتِ اُویس قرنی رضؓ	؎
؍؍	حضرت امام علی النقی رضؓ	؎
؍؍	سید عبداللہ قمی۔ گنائی حمام	بارہمولہ
۴ رجب سنہ ۲۰۴	حضرتِ امام شافعی رضؓ	مصر
؍؍ سنہ ۸۴۳	شیخ بہاء الدین گنج بخش رحؒ	سرینگر
۶ رجب	خوجہ معین الدین چشتی رحؒ	اجمیر شریف
۷ ؍؍ سنہ ۸۶۱	سید حسن بلادری	راجوری کدل
۷ رجب	سید عبدالرحمان صاحب۔ ببل لنگر	عالیکدل
؍؍	سید یعقوب کرمانی۔ چھوَن	بڈگام
۷ ؍؍ سنہ ۱۰۶۱	شیخ رحمان صاحب۔	ادنہ گام
۸ رجب	حاجی محمد بلخی صاحب	صراف کدل
؍؍	سید عبدالرشید بیہقی۔ پل حاجی اکھر	سرینگر
۱۰ رجب	سید حبیب اللہ صاحب۔ آرٹینہ	بڈگام
۱۱ رجب	سید محمد مدنی۔ مدینہ صاحب	نوشہرہ
۱۲ رجب	سید محمد عالی صاحب	گوبہ گام
۱۳ ؍؍ سنہ ۱۳۷۸	پیر احمد صاحب۔ تارہ بل	سرینگر
۱۳ رجب	سیّد اکبر صاحب۔	بھدرمن
۱۴ ؍؍ سنہ ۷۶۷	سید محمد غزنوی۔ ڈانگر پورہ	پٹن
۱۴ رجب	عرس جعفر صاحب در مواضعات راد لپورہ۔ گرینڈ خورد۔ کی گام ہینگ علاقہ بانگل	(دلوامہ) بھدرو
۱۵ رجب سنہ ۱۸۳ھ	شہادت امام موسیٰ کاظم رضؓ	بغداد
۱۶ رجب	سیّد صاحب۔ آروہ	بیروہ
۱۸ رجب سنہ ۱۸۲	حضرت امام جعفر صادق رضؓ	؎
۲۶ رجب	شب معراج شریف	عرب و عجم
؍؍	میلہ حضرت بل و مکہامہ و کلاشپورہ وصورہ واہم شریف	؎
۲۷ رجب	وصال حضرتِ جنید بغدادی رحؒ	بغداد
؍؍	کرم صاحب۔ بٹہ گنڈ	شہ آباد
۲۹ رجب	ملک احمد اتو صاحب۔ لالپور	بانگل
	شعبان المعظم	
یکم شعبان سنہ ۲	حکم تحویل قبلہ بسوئے کعبہ شریف	؎
یکم شعبان	بابا رجب صاحب	دیال گام
۳ ؍؍ سنہ ۵۶۱	امام العالم در بغداد شریف	بغداد
۳ شعبان	سید محمد مطاع۔ بٹہ پورہ	کانیہامہ
؍؍	عبدالرزاق بدری صاحب	وانہ ٹپورہ
؍؍	سید شکور الدین صاحب	وانیہامہ
۵ شعبان	سیّد منصور صاحب۔ زالڈگر	سرینگر
۶ ؍؍	عرس فجہ پورہ۔	بڈگام
۷ ؍؍	سید محمد تبریزی۔ شومرلرن	بارہمولہ
؍؍	سید حسن قمی صاحب	سیدہ پورہ
؍؍	سید قاسم صاحب بخاری بجلوسہ	کرہوہن
۱۲ شعبان	وصال حضرتِ عباس رضؓ	؎
۱۳ ؍؍	بابا رجب صاحب۔ بابہ ڈمب	سرینگر

تاریخ	نامِ عرس	مقام
۱۱ شعبان	شبِ برات	÷
"	ملک صاحب۔	صفاکدل
"	بابا حاجی صاحب	وانگت۔ لار
۱۵ شعبان	سید سلیمان صاحب۔ کنیر	بیروہ
"	سید صدرالدین۔ پاریگام	چھراٹ
۱۷۔ "	سید صاحب۔ لاسی پورہ	بیروہ
"	سید محمد عین پوش صاحب	حول
"	مہہ شاہ صاحب۔ ریپور	لار
"	مولوی سید صدرالدین صاحب	سوپور
۱۹ شعبان	سید علاءالدین اندرابی	کرالپورہ
۲۳۔ "	ملا نورالدین صاحب	نوشہرہ
۲۶۔ "	حضرت بایزید بسطامی رح	÷
۲۷ " سنہ ۲۱۴ھ	حضرت سید ضیاءالدین صاحب زیرک	کاندہامہ
۲۷۔ "	سید جمال الدین بخاری۔	فتحگڑھ، بارہمولہ
۲۹۔ "	میاں رحمان شاہ مجذوب	برزلہ
	رمضان المبارک	
سنہ ۲ھ	ماہ رمضان کے روزے فرض ہو گئے	÷
یکم رمضان سنہ ۷۵ھ	اسلامی سکہ جاری اور رائج ہو گیا۔	÷
۲ رمضان	حضرت نظامی گنجوی	÷
۳۔ "	بی بی صاحبان۔ کرشیوڑہ	بڈگام
"	حضرت خاتونِ جنت فاطمہ زہرا رض	÷

تاریخ	نامِ عرس	مقام
۳ رمضان	بابا ابراہیم مسعود رح۔ آکھون	دلیوہ سر
"	سید خلیل صاحب	صدہ بل
۲۶ " سنہ ۳۰۷ھ	شیخ منصور حلاج رح	بغداد
۷ رمضان	سید بہاءالدین بخاری صاحب	سرجاگیر
۹۔ "	شیخ داؤد لائی صاحب	÷
۱۰ رمضان	ام المومنین حضرت خدیجہ رض	÷
۱۱ "	سید صاحب۔ کانلہ	پلٹن
۱۳ "	قائم صاحب۔ حول	سرینگر
۱۷۔ "	جنگِ بدر۔	÷
"	لعل بابا صاحب	شالیمار
" سنہ ۵۸ھ	ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رض	÷
۲۰ رمضان	حضرت موسیٰ بعمر ۴۱ [illegible] سال	÷
۲۱۔ "	عرسِ گاؤکدل	نارہ واین
۲۱ " سنہ ۴۰ھ	حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ	÷
۲۱۔ "	شاہِ ولایت رض۔ حضرت بل برزلہ	بانگل
"	حضرت میر سید احمد کرمانی رح	سرینگر
"	شاہ کرمان در موضعات کاوسہ، ذیڑی پورہ۔ لنگیٹ وغیرہ کشمیر	لاویپورہ، [illegible]
۲۴ رمضان	فتح مکہ از دستِ حضور پُرنور ؐ	÷
"	یحییٰ صاحب تلمذر	عالیکدل
۲۶ " سنہ ۹۴۲ھ	شیخ کامل علمدار کشمیر رح	÷
۲۶ رمضان	سید عبدالاحد صاحب۔ بیہامہ	لار

تاریخ	نام عرس	مقام
۲۶ رمضان	لیلۃ القدر خیر من الف شہر	٭
	شوال المکرم	
یکم شوال	عید فطر	٭
،،	وصال حضرت امام بخاری عطر اللہ مرقدہٗ	
،،	بابا حنیف الدین صاحب۔ رتسن	بیروہ
۲ شوال	سید جعفر صاحب۔ اڈہامہ	لار
۳ ،، ۸۹۶ھ	سید محمد سارا۔ ہانجی دیر	پٹن
۴ شوال	سید صاحب بوگنڈ	پاریپوہ
۵ ،، ۶۹۰ھ	سعدی شیرازی رح	٭
۶ شوال	میر عبدالغنی صاحب	رتن پورہ
،، ۱۳۰۶ھ	بوٹا شاہ صاحب قلندر۔ نوگام	شاہ آباد
۷ شوال	رحمان صاحب قلندر	خانقاہ معلی
،،	شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی	٭
،، ۸۹۷ھ	وصال سید بابا صاحب۔ شیلی ٹینگ	حبہ کدل
۸ ،، ۱۰۲۲ھ	وصال میر یوسف بخاری ہمعصر میر حمزہ لنجاری	کریری
۱۰ ،، ۹۶۲ھ	سید محمد کرمانی۔ پیچھ کوٹ	کامراج
۱۰ شوال	میر فاضل صاحب۔ ٹنگی پورہ	سرینگر
۱۱ ،،	سید اللہ داد۔ توم پورہ	ہاگام
۱۲ ،،	مانہ شاہ صاحب۔ بڈر	بڑنیگ
،، ۱۳۶۲ھ	سید محمد خلیل کروی والد مؤلف رسالہ ہذا	کریری
۱۳ شوال	بابا داؤد صاحب۔ گہن	اسلام آباد
۱۴ شوال	بابا نصیب صاحب صوفی	اسلام آباد
۱۵ ،، ۳ھ	شہادت حضرت امیر حمزہ رض	٭
۱۵ شوال	شیخ محمد چشتی صاحب رح	٭
۱۷ ،،	خواجہ یوسف خراسانی خوجہ گلگت	سوپور
۱۸ ،، ۷۲۵ھ	حضرت امیر خسرو دہلوی رح	٭
۱۸ شوال	سلام صاحب نقشبندی	گوجوارہ
۲۰ شوال	شاہ قاسم حقانی۔ نوپز	کاٹھوآ
۲۱ ،،	شاہ صاحب۔	اوڈیل گام
۲۲ ،،	رہبابہ صاحب۔	عالی کدل
،،	شیخ احمد صاحب لیسوی	٭
۲۷ ،،	میر محمد ہاشم صاحب۔	گوجوارہ
	ذی قعدہ	
یکم ذیقعدہ	ریشی مالو صاحب۔	اسلام آباد
۳ ،،	سید ابراہیم صاحب۔ کانہ ط پورہ	لولاب
۷ ،،	شیخ عبدالعلی صاحب بوگامی	تم کرالپوری
۸ ،،	صمد صاحب کاٹلی۔	حول
۱۱ ،، ۱۰۶۶ھ	بابا مجنون صاحب۔ نروورہ	سرینگر
۱۲ ذیقعدہ	شیخ یعقوب صرفی عرف حضرت ایشان صاحب رح	زینہ کدل
۱۴ ،،	سید فخر الدین صاحب۔ بینوہ	چھراٹ
۲۱ ،،	شیخ نعمت اللہ صاحب کلو	حول
۲۵ ،، ۱۰ھ	حضور پر نور صلعم حجۃ الوداع کو روانہ ہوئے۔	

تاریخ	نام عرس	مقام
۲۶ ذیقعدہ	بابا یوسف عرف بابس میر صاحب	سوپور
۲۸ ، ،	وفات اورنگزیب عالمگیرؒ	÷
۲۹ ، ،	شاہ قاسم حقانی ۔ زیر ستان	فتحکدل
، ،	سید محمد امین منطقی اویسی	عالیکدل
، ،	شاہ صادق قلندر ۔ ریپور	لار
، ، سنہ ۱۲۹۶	شیخ احمد صاحب ۔ کانہ ہامہ	گلمرگ روڈ
	ذی الحجہ	
